# 29-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی سیشلز کا کامیاب تین روزہ دورہ مکمل کر کے بھارت کیلئے روانہ۔

۲۔ورنگل میں بی جے پی کا جلسہ قومی صدر نتن نبین نے کی شرکت کہا مرکزی حکومت قبائلی فلاح کو دے رہی ہے ترجیح۔

۳۔ پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا موسی ندی بحالی منصوبہ حیدرآباد کو عالمی معیار کا شہر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

۴۔وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ایچ اے ایم کے تحت سڑکوں کی تعمیر تلنگانہ کے بنیادی ڈھانچہ میں لائے گی انقلابی تبدیلی۔

Sabha cancel

مسلسل بارش اور ناسازگار موسم کے سبب ضلع کھمم کے مدھیرا میں وزیراعلی ریونت ریڈی کی ہونے والی سبھا کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ مدھیرا میں منعقد ہونے والے عوامی اجلاس کے دوران وزیراعلی ریونت ریڈی کسانوں میں رعیّتو بھروسہ کی رقم تقسیم کرنے والے تھے۔اب وزیراعلی ریونت ریڈی حیدرآباد کے شلپا کلاویدیکا میں کسانوں کو رعیّتو بھروسہ کی رقم کی تقسیم کا آغاز کریں گے۔واضع رہے کہ ضلع کھمم میں مسلسل بارش ہورہی ہے۔اسی کے پیش نظر وزیراعلی ریونت ریڈی نے مدھیرا میں منعقد ہونے والے جلسہ کو منسوخ کردیا۔شلپا کلاویدیکا میں پروگرام کی تیاریاں مکمل کرنے کی وزیراعلیٰ نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔کل شام 4 بجے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کسانوں میں رعیّتو بھروسہ اسکیم کی رقم کسانوں کے کھاتوں میں جمع کریں گے۔

PTC-HYD/Desk

PM-VISIT:

وزیراعظم نریندر مودی مشرقی افریقی ملک سیشلز کے کامیاب تین روزہ دورہ کے بعد ہندوستان واپس روانہ ہوگئے۔ دورہ کے آخری روز انہوں نے وکٹوریہ میں واقع نواسکتی ونا یَاگر مندر میں حاضری دی اور پوجا کی۔ بعدازاں انہوں نے ہندوستانی برادری کے ارکان سے ملاقات کی اور پیس پارک میں نصب مہاتما گاندھی کے مجسمہ پر پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

NSD

SC-PIL:

سپریم کورٹ نے شری رام جنم بھومی تیرتھ شیتر اٹرسٹ کو موصول ہونے والے عطیات میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی عدالتی نگرانی میں تحقیقات اور فرانزک آڈٹ کے مطالبہ پر دائر مفادِ عامہ کی عرضی کی فوری سماعت سے انکار کر دیا۔ جسٹس ایم ایم سندریش اور جسٹس شیل ناگو پر مشتمل بنچ نے فوری سماعت کی ضرورت پر سوال اٹھاتے ہوئے ہدایت دی کہ عدالت کی گرمیوں کی تعطیلات کے بعد اس عرضی کو سماعت کے لئے درج کیا جائے۔

NSD

AMIT SHAH:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دہلی میں ہریانہ اور راجستھان کے درمیان پانی کی تقسیم کے معاہدہ سے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں مرکزی وزیر جل شکتی سی آر پاٹل، ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی اور راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سی آر پاٹل نے بتایا کہ معاہدہ کے تحت راجستھان کے حصہ کا پانی مانسون کے دوران ہتھنی کنڈ بیراج سے ویسٹرن یمنا کینال نظام کے ذریعہ زیرِ زمین پائپ لائن کے ذریعہ فراہم کیا جائے گا۔

NSD

GMR-FTG:

جی ایم آر حیدر آباد ایوی ایشن ایس ای زیڈ لمیٹڈ نے اعلان کیا ہے کہ ایف ٹی جیز نے حیدر آباد کے جی ایم آر ایرواسپیس اینڈ انڈسٹریل پارک میں بھارت کی اپنی پہلی مینوفیکچرنگ سہولت قائم کردی ہے۔ کینیڈا، امریکہ اور چین کے بعد یہ ایف ٹی جی کا چوتھا عالمی مرکز ہے جو اعلیٰ معیار کی ایرواسپیس الیکٹرانکس کے شعبہ میں بھارت کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ نئ فیکٹری میں جدید ایویونکس اور کاک پٹ انٹرفیس الیکٹرانکس تیار کئے جائیں گے جو عالمی ایرواسپیس اور دفاعی پروگراموں کی ضروریات پوری کریں گے۔

Desk

PONNAM-VOTER LIST:

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ ووٹرلسٹ میں نظرِ ثانی ایک معمول کا عمل ہے تاہم ماضی کی حکومتوں اور الیکشن کمیشن نے ہمیشہ اس بات کو یقینی بنایا کہ کوئی بھی اہل ووٹر اپنے حقِ رائے دہی سے محروم نہ ہو۔ انہوں نے الزام لگایا کہ موجودہ مرکزی حکومت نظرثانی کے نام پر اپوزیشن کے ووٹوں کو جان بوجھ کر حذف کررہی ہے۔ ان کے مطابق ریاست بھر میں تقریباً ایک کروڑ ووٹ جن میں صرف حسن آباد کے 61 ہزار ووٹ بھی شامل ہیں، ابھی تک تصدیق کے منتظر ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بوتھ لیول افسران سے تعاون کریں اور اپنے ووٹ کے حق کا تحفظ کریں۔

PTC/SDDPT

MAHESH OLYMPIC:

ٹی پی سی سی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے نظام آباد ڈسٹرکٹ اولمپک اسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ 40 ویں اولمپک ڈے رن 2026 میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے دوڑ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور کچھ فاصلہ تک شرکاء کے ساتھ دوڑے۔ اس موقع پر انہوں نے عوام سے اولمپک جذبہ، نظم وضبط، اتحاد اور صحت مند طرزِ زندگی کو اپنانے کی اپیل کی جبکہ نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعہ جسمانی اور ذہنی صلاحیتیں بڑھانے کی ترغیب دی۔ تقریب میں شہر کی میئر اومارانی، ایم ایل اے دھنپال سوریہ نارائنہ اور ڈسٹرکٹ اولمپک اسوسی ایشن کے سیکریٹری بی نرسیا بھی موجود تھے۔

PTC/NZB

HAM:

ریاستی وزیر برائے سڑکیں، عمارات اور سنیماٹوگرافی کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ہائبرڈ اینوئٹی ماڈل کے تحت تعمیر ہونے والی سڑکیں تلنگانہ کی ترقی میں انقلابی تبدیلی لائیں گی۔ نلگنڈہ کے رکنِ پارلیمنٹ کے راگھو ویر ریڈی کے کیمپ دفتر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مضبوط سڑکوں کا جال دیہی اور شہری علاقوں کی ترقی کا ضامن ہے اور صنعتوں کو راغب کرتا ہے جس سے مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ وزیر نے بتایا کہ سڑکوں کی تعمیر کے لئے منصوبہ جاتی اور غیر منصوبہ جاتی فنڈس کے تحت سات ہزار 110 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں جبکہ مرکز کی جانب سے ایک ہزار 900 کروڑ روپے فراہم کئے گئے ہیں۔ مزید ایک ہزار کروڑ روپے حاصل کرنے کی بھی کوشش جاری ہے۔

PTC/NLG

BHATTI-TEMPLE:

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے الزام عائد کیا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے مالی اور سماجی استحصال کے ذریعہ صرف چند افراد کو فائدہ پہنچایا اور تلنگانہ کو نقصان پہنچایا۔ جملا پورم مندر میں مذہبی رسومات ادا کرنے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے ایک خوشحال ریاست کو 8 لاکھ کروڑ روپے کے قرضوں تلے دبا دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح پر توجہ دے رہی ہے اور ساڑھے چار لاکھ اندراماں مکانات کی منظوری دی گئی ہے، جن کی مالیت 22 ہزار 500 کروڑ روپے ہے جبکہ مندروں کی ترقی کے لئے 2 ہزار 216 کروڑ روپے مختص کے گئے ہیں۔

PTC/KMM

SRIDHAR- BLUE PRINT:

تلنگانہ کے وزیر برائے آئی ٹی اور صنعت ڈی سری دھر بابو نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت نے 2034 تک ایک ٹریلین امریکی ڈالر کی معیشت اور 2047 تک 3 ٹریلین ڈالر کی اقتصادی ترقی کا جامع منصوبہ تیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹکنالوجی کو حکومتی نظام اور دیہی صنعتوں، خصوصاً خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس میں شامل کر کے ریاست کا قومی جی ڈی پی میں حصہ 10 فیصد تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسیوں کے تسلسل کے باعث سرمایہ کاروں کا اعتماد مضبوط ہوا ہے اور اب Ease of Doing Business 2.0 کے تحت حقیقی وقت میں نگرانی کا نظام نافذ کیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق بھارت فیوچر سٹی اور نئے ہوائی اڈوں جیسے بنیادی ڈھانچہ کے منصوبے عالمی رابطوں کو فروغ دیں گے جبکہ مالی امداد کے ذریعہ ایم ایس ایم ای شعبہ کو بھی مضبوط کیا جائے گا۔

PTC/HYD

AISF:

آل انڈیا اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے کارکنوں نے آج حیدرآباد کے مانصاحب ٹینک میں واقع ہائر ایجوکیشن کونسل کے دفتر کے باہر احتجاج کیا۔ مظاہرین نے انجینئرنگ کے بی کیٹیگری نشستوں کے لئے آن لائن کونسلنگ کا مطالبہ کیا تاکہ کارپوریٹ تعلیمی اداروں کی مبینہ بدعنوانی پر قابو پایا جا سکے۔ احتجاج کے دوران پولیس نے متعدد کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔

PTC/HYD

PONGULETI-MUSI:

تلنگانہ کے وزیر محصولات پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کا باوقار موسی ندی بحالی منصوبہ مستقبل کی ترقی کی مضبوط بنیاد ثابت ہوگا اور حیدرآباد کو عالمی معیار کا شہر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سکریٹریٹ میں اعلیٰ حکام کے ساتھ اراضی کے حصول اور بازآبادکاری کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ترقی اور انسانی ہمدردی کے درمیان توازن برقرار رکھنا حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیر نے یقین دلایا کہ اس منصوبہ کا مقصد آلودگی میں کمی، سیلاب پر قابو پانا اور معاشی و سیاحتی مراکز کا قیام ہے جبکہ غریب عوام کے مفادات کا مکمل تحفظ کیا جائے گا۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ بے گھر ہونے والے خاندانوں کو فوری طور پر دو کمروں پر مشتمل مکانات فراہم کرنے کے لئے عملی منصوبہ نافذ کیا جائے اور متاثرہ زمین مالکان کو قانون کے مطابق مناسب معاوضہ دیا جائے۔

PTC/HYD

NITIN NABIN:

بی جے پی کے قومی صدر نتن نبین نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت قبائلی برادریوں کی ترقی کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ ہنمکنڈہ میں قبائلی قائدین سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قبائلی خاتون دروپدی مرمو کا صدرِ جمہوریہ منتخب ہونا ایک تاریخی قدم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مودی حکومت نے پانچ قبائلی برادریوں کو درج فہرست قبائل کی فہرست میں شامل کیا۔ 23 ایکلویہ ماڈل اسکول قائم کئے اور 'سمکا سارکا' قبائلی یونیورسٹی کے لئے 899 کروڑ روپے مختص کئے۔ انہوں نے بی آر ایس اور کانگریس پر قبائلی فلاح و بہبود کو نظرانداز کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔

اسی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے مطالبہ کیا کہ قبائلی آبادی کے تناسب کے مطابق انہیں 10 فیصد ریزرویشن دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ کے سی آر نے اس کا وعدہ کیا تھا لیکن اسی بل میں مسلمانوں کے لئے 12 فیصد ریزرویشن شامل کئے جانے سے قانونی پیچیدگیاں پیدا ہوئیں جس کے باعث قبائلی ریزرویشن کا نفاذ تاخیر کا شکار ہوا۔

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ وہ کانگریس کے منشور میں کئے گئے وعدوں کی تکمیل کے بارے میں اس کے قائدین سے سوال کریں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے حیدرآباد کے بعد سب سے زیادہ ترقیاتی فنڈس ورنگل کے لئے مختص کئے جبکہ کانگریس اور بی آر ایس کے قائدین پر ان فنڈس کے غلط استعمال کا الزام عائد کیا۔

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی جلسہ عام سے خطاب کیا۔ اس جلسہ میں مقامی ارکانِ اسمبلی، ارکانِ پارلیمنٹ و دیگر بھی موجود تھے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ مودی گورنمنٹ نے ورنگل تاریخی شہر کی ترقی کیلئے 17 ہزار کروڑ روپے مختص کئے۔

PTC-HNK

JUPALLY

فرانس کے قونصل جنرل مارک لامی اور نائب قونصل پاسکل لورین نے تلنگانہ کے وزیرِ سیاحت جوپلی کرشنا راؤ سے سکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سیاحت، ثقافت اور تاریخی ورثہ کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے فرانس سے اپیل کی کہ وہ تلنگانہ کے تاریخی اور ثقافتی ورثہ کو فرانس میں فروغ دینے میں تعاون کرے اور اس مقصد کے لئے ایک مشترکہ ٹیم تشکیل دینے کی تجویز پیش کی۔ مارک لامی نے اس تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ فرانس سیاحت کے شعبہ میں اپنے تجربات سے تلنگانہ کو فائدہ پہنچانے کے لئے تیار ہے اور دفاع و ٹکنالوجی کے موجودہ تعاون کی بنیاد پر فرانس سے آنے والے سیاحوں کی تعداد بڑھانے کے لئے بھی کام کیا جائے گا۔

PTC/HY

VBG RAMI ACT:

وی بی جی رام جی ایکٹ کے نفاذ سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس نئی دہلی میں مرکزی وزیر دیہی ترقی شیوراج سنگھ چوہان کی صدارت میں منعقد ہوا۔ تلنگانہ کی وزیر دیہی ترقی سیتا اکا نے ریاستی حکومت کی نمائندگی کی۔ اجلاس کے دوران انہوں نے اس قانون سے متعلق تلنگانہ کے مخصوص تحفظات پیش کئے اور ریاست کے خدشات پر مشتمل ایک باضابطہ مکتوب مرکزی وزیر کو جائزہ کے لے پیش کیا۔

Desk

PREZ-AWARDS:

صدرِ جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے آج نئی دہلی کے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ دفاعی اعزازات کی تقریب 2026 کے دوران مسلح افواج، مرکزی مسلح پولیس فورسس اور ریاستی و مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی پولیس کے عہدیداروں کو بہادری کے اعزازات سے نوازا۔ یہ اعزازات مسلح افواج، مرکزی مسلح پولیس فورسس اور دیگر سکیورٹی اداروں کے ان اہلکاروں کو دئے جاتے ہیں جنہوں نے غیر معمولی جرات اور بہادری کا مظاہرہ کیا ہو۔ اس سے قبل صدر مرمو نے رواں ماہ 8 جون کو دفاعی اعزازات کی تقریب کے پہلے مرحلہ میں بھی بہادری کے تمغے عطا کئے تھے۔

NSD

OO